| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ظ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ظ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے 'ظ' لکھ سکیں۔ حرف 'ظ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حروف تہجی اردو کے" نظم سنائی جائے گی اور 'ا سے لے کر ط' تک درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ظ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ میں حرف 'ظ' ہوں۔ میری شکل ط کی طرح ہوتی ہے لیکن میرے اوپر ایک نقطہ ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا اس کی کوئی آدھی شکل نہیں ہوتی کیونکہ یہ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے پر اپنی شکل تبدیل نہیں کرتا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ظ' حروف تہجی کا چوبیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ظ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ظ' کے ذخیرہ الفاظ ظہرانہ ظروف اور ظریف کے بارے میں جانیں گے۔ تختہ سفید/سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں کو حرف 'ظ' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ظ' لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 52 کھولنے کو کہا جائے گا اور حرف 'ظ' پر انگلی پھیریں۔ حرف 'ظ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر ظہرانہ۔ ظروف وغیرہ۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ ظ میں انگلی کی مدد سے رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ظ' کی صوتی آواز اور درست تلفظ پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br><br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br><br><br><br><br><br><br>کتاب صفحہ نمبر 52 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ظ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ظ‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ظ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے ’ظ‘ لکھ سکیں۔حرف ’ظ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘ نظم سنائی جائے گی۔اور ’ظ‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ،صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو ’ظ‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ظہرانہ کے بارے میں بات کریں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ دوپہر کے کھانے کو ظہرانہ کہتے ہیں اُن کو بتائیں کہ جب آپ سکول سے گھر جاتے ہیں تو دوپہر ہوتی ہے اُس ٹائم آپ منہ ہاتھ دھو کر کھانا کھاتے ہیں اُس کو ظہرانہ کہتے ہیں۔بچوں کو بتائیں کہ ہمیں ہاتھ دھو کر کھانا کھانا چاہیے بچوں سے پوچھیں کو اُن کو دوپہر کے کھانے میں کیا کھانا پسند ہے۔بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ’ظ‘ کی شکل بنوائیے اور بار بار دہرائی کروائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کلاس میں ’ظ‘ کے ذخیرہ الفاظ کی تصاویر لگا دیں۔بچوں کو بتائیں کہ میں جس کی طرف اشارہ کروں گی وہ بھاگ کر جائے گا اور ظ سے شروع ہونے والی ایک تصویر کو ہاتھ لگائے گا اور اُس کا نام بتائے۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دیں جس میں ’ظ‘ کی تصاویر کو ظ سے ملائیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف ظ لکھنے کی مشق کریں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ظ‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ظ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ظ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے ’ظ‘ لکھ سکیں۔حرف ’ظ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ظ‘ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام صوتی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ظ‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ظریف کے بارے میں بات کریں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ ظریف جوکر کو کہتے ہیں۔اُن سے پوچھا جائے گا کہ کیا انہوں نے کبھی ظریف دیکھا ہے اُن سے پوچھا جائے گا کہ ظریف کا حلیہ کیسا ہوتا ہے۔اُن سے پوچھا جائے گا کہ انہوں نے ظریف کہاں دیکھا ہے۔کیا اُن کو ظریف اچھا لگتا ہے یا اُس سے ڈر لگتا ہے بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں ’ظ‘ بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | اشیاء فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Spin Wheel دیں جس میں درمیان میں ظ لکھا ہو اور اُس پہ ایک تیر کا نشان ہو۔باہر والے حصے پر ’ظ‘ کی تصاویر اور دیگر حروف کی تصاویر ہوں۔بچوں سے کہیے کہ تیر کے نشان کے پاس ’ظ‘ کی تصاویر لا کر ظ سے ملائیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ ظریف میں رنگ بھریں گے اور ’ظ‘ پر پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | Spin Wheel<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو ظریف، ظہرانہ، ظہر کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں ’ظ‘ پر دائرہ لگائیں اور حرف ’ظ‘ پر پینسل پھیریے۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ظ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ظ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے 'ظ' لکھ سکیں۔حرف 'ظ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ظ' کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ظ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ظ' سے زیادہ الفاظ شروع نہیں ہوتے اور اس کے ذخیرہ الفاظ کم ہیں۔اُن کو صفحہ 53 کے الفاظ فلیش کارڈ کے زریعے دکھا کر اُن کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ اور سفید میں مختلف تصاویر لگائی جائیں گی بچوں کو کہا جائے گا کہ ان تصاویر میں 'ظ' سے شروع ہونے والی تصاویر کے گرد دائرہ لگائیں۔بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 53 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں بتایئے بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ظ' کو اُس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے اور نیچے دی گئی درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیریے اور لکھیے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 53 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر حرف 'ظ' لکھنے کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ظ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ظ' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت/بناوٹ سے 'ظ' لکھ سکیں۔ حرف 'ظ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ظ' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ظ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ظروف کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے کہ ظ سے ظروف ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ برتنوں کو ظروف کہتے ہیں معلّمہ کلاس میں بچوں کو کھلونے پر مشتمل برتنوں کا ایک سیٹ لائے گی اور بچوں کو دکھائے گی یہ ظروف ہے۔ اس کو کھانا کھانے کھانا ڈالنے پانی پینے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ Sand Tray دے کر حرف 'ظ' کو لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ظ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ظ' کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ظ' لکھیں۔ | 2 منٹ | | |